محکمہ پولیس

کریکٹر سرٹیفیکیٹ (FAQs)

1	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کہاں سے بنتا ہے۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ DPO آفس بھکر میں سیکورٹی برانچ میں بنایا جاتا ہے۔
2	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کے لیے کون کون سے کاغذات کی ضرورت ہوگی	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کے لیے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں گریڈ 17 کے آفیسر سے تصدیق شدہ ہوں ۔3 عدد تصاویر پاسپورٹ سائز نیلے بیک گراؤنڈ والی۔ درخواست دہندہ کا اصالتاً حاضر ہونا ضروری ہے۔50 روپے والا بیان حلفی (خالی) لے کر آئیں جو اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔
3	اگر درخواست دہندہ کسی ایسے شخص کا کریکٹر سرٹیفیکیٹ بنوائے جو پاکستان میں موجود نہ ہو تو۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ جس نے بنوانا ہو اور وہ پاکستان میں موجود نہ ہو تو اس کا کوئی بھی خونی رشتہ دار مثلاً باپ، بھائی، بہن، والدہ، بیٹا، بیوی یا چچا وغیرہ جس کو مذکورہ اختیار (Authority Letter) دے وہ سیکورٹی برانچ میں حاضر آئے اور اپنے بیان کے مطابق کریکٹر سرٹیفیکیٹ کنندہ کے کوائف اور مطلوبہ کاغذات مہیا کرے۔
4	کیا بیان حلفی کے لیے خالی اشٹام 50 روپے کی ضرورت ہوگی اور وہ تصدیق شدہ اوتھ کمشنر ہو گا	جی ہاں۔درخواست دہندہ اپنے نام کا 50 روپے کا خالی اشٹام تصدیق شدہ اوتھ کمشنر لائے گا۔جس پر سیکورٹی برانچ میں بیان حلفی کمپیوٹر پر تیار کیا جائے گا۔
5	کیا کریکٹر سرٹیفیکیٹ کے لیے کسی قسم کی کوئی سرکاری فیس ہوتی ہے۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ مفت بنایا جاتا ہے۔کسی قسم کی کوئی فیس نہ ہے۔
6	کریکٹر سرٹیفیکیٹ درخواست دینے کے کتنے دنوں کے بعد وصول کیا جا سکتا ہے۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کی درخواست دینے کے بعد ہفتہ کے اندر جاری کر دیا جاتا ہے۔
7	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کے سیکورٹی برانچ کے پراسس کے بعد کیا کاروائی ہوتی ہے۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ سیکورٹی برانچ میں درخواست دہندہ کے کوائف درج کرنے کے بعد متعلقہ تھانہ میں بھجوایا جاتا ہے۔جہاں پر تھانہ میں تعینات سیکورٹی آفیسر اس کے متعلقہ کونسلر، نمبردار سے درخواست دہندہ کی تصدیق کرواتا ہے۔اس کے بعد تھانہ کے ریکارڈ پڑتال کی رپورٹ محرر کرتا ہے۔مذہبی سرگرمیاں، 4th شیڈول، ATB وغیرہ کی پڑتال کی رپورٹ اور SHO کی تصدیق کے بعد متعلقہ SDPO کی تصدیق کے بعد کریکٹر سرٹیفیکیٹ سیکورٹی برانچ میں واپس آ جاتا ہے جہاں سے مجاز اتھارٹی کے دستخط کے بعد کریکٹر سرٹیفیکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔
8	اگر درخواست دہندہ کسی دوسرے ضلع کا رہائشی ہو تو	اگر درخواست دہندہ کسی دوسرے ضلع کا رہائشی ہو تو اسے پہلے اپنے متعلقہ رہائشی ضلع سے کریکٹر سرٹیفیکیٹ بنوانا پڑے گا اور بعد ازاں عارضی رہائش والے ضلع سے بنے گا۔
9	اصل کاغذات کے علاوہ دیگر طریقہ سے بھی کریکٹر سرٹیفیکیٹ بن جائے گا۔	کریکٹر سرٹیفیکیٹ کے لیے اصل کاغذات کا ہونا ضروری ہے۔

s

10	کریکٹرسرٹیفکیٹ کی وصولی کے لیے کیا کیا جائے گا	کریکٹرسرٹیفکیٹ کی وصولی کے لیے اصل شناختی کارڈ اور درخواست دہندخود حاضر آئے گا۔
11	سرکاری ملازمان اور نیم سرکاری ملازمان کریکٹرسرٹیفکیٹ کیسے حاصل کرسکتے ہیں۔	سرکاری اور نیم سرکاری ملازمان اپنے محکمہ سے NOC لے کر آئیں گے تو ان کا پراسس شروع کیا جائے گا۔
12	کریکٹرسرٹیفکیٹ کتنی معیاد کے لیے جاری ہوتا ہے۔	کریکٹرسرٹیفکیٹ جاری ہونے کی تاریخ سے 180 دنوں کے لیے قابل عمل ہے۔
13	کیا کریکٹرسرٹیفکیٹ کا مقصد تحریر کیا جانا ضروری ہے۔	جی ہاں۔کریکٹرسرٹیفکیٹ میں حاصل کرنیکا مقصد تحریر کیا جانا ضروری ہے مثلاً غیر ملک امیگریشن، تعلیم، کاروبار، وزٹ یا ملازمت وغیرہ کے سلسلہ میں جانا ہے۔
14	کریکٹرسرٹیفکیٹ میں جس ملک میں جانا ہو اس کا نام لکھا جائے گا	جی ہاں ملک کا نام لکھا جائے گا۔
15	کیا ایک ملک کے لیے جاری شدہ کریکٹرسرٹیفکیٹ کسی دوسرے ملک کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔	نہیں۔دوسرے ملک کے لیے دوسرا کریکٹرسرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔
16	کیا کاغذات نامکمل ہونے کی صورت میں کریکٹرسرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔	ہرگز جاری نہیں کیا جائے گا۔
17	کیا کریکٹرسرٹیفکیٹ کو آن لائن کیا جاتا ہے۔	جی ہاں ہر کریکٹرسرٹیفکیٹ پنجاب CFMP ڈیش بورڈ پر آن لائن کیا جاتا ہے۔
18	کیا کریکٹرسرٹیفکیٹ عام سادہ کاغذ پر جاری کیا جاتا ہے۔	کریکٹرسرٹیفکیٹ 120 گرام کاغذ پر جاری کیا جاتا ہے جس پر مخصوص مہر اور پنچ مہر ثبت کی جاتی ہے۔
19	کیا درخواست دہندہ اصالتاً بوقت دستخط جاری کنندہ آفیسر (DPO) کے پیش ہوگا۔	جی ہاں درخواست دہندہ DPO صاحب کے پیش ہوگا۔
20	تھانہ میں تصدیق کے وقت درخواست دہندہ کا جانا ضروری ہے۔	نہیں۔تھانہ کا سیکورٹی آفیسر خود ہی تصدیق کروائے گا۔

****

محکمہ پولیس

FIR (FAQs)

1	میں نے FIR درج کروانی ہے کہاں درج ہوگی	اپنے متعلقہ تھانہ میں درج کروائیں
2	FIR درج کرانے کے لیے کون سی دستاویزات ضروری ہیں	کوئی دستاویز ضروری نہیں ۔تحریری درخواست یا بیان پر FIR درج ہوتی ہے۔
3	FIR درج کرانے کے لیے میں (مدعی) اکیلا تھانہ جاؤں یا گواہان یا کسی اور کو ساتھ لے آؤں۔	کسی کو ساتھ لانے کی ضرورت نہیں
4	FIR درج کروانے کی کتنی فیس ہے	FIR درج کرانے کی کوئی فیس نہ ہے۔فری درج ہوتی ہے۔
5	FIR درج کرانے کے لیے تھانہ میں کس کے پاس جانا ہے	تھانہ میں فرنٹ ہیلپ ڈسک قائم ہیں۔آپ وہاں جائیں گے جو مزید آپ کی راہنمائی کریں گے۔
6	تھانہ میں حاضر ہونے کے علاوہ کیسے FIR درج کرواسکتا ہوں	اگر کوئی پولیس آفیسر آپ کو جائے وقوعہ یا رستہ میں مل جائے تو آپ اسے وقوعہ کی اطلاع دیں وہ خود تھانہ میں FIR درج کروائے گا۔
7	FIR متاثرہ شخص درج کرواسکتا ہے یا کوئی اور بھی	متاثرہ شخص کے علاوہ کوئی بھی وقوعہ کی اطلاع دے کر FIR درج کرواسکتا ہے۔
8	FIR کی کاپی کہاں سے ملے گی	FIR کی کاپی متعلقہ تھانہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔
9	FIR کی کاپی درج ہونے کے بعد کتنے عرصے بعد مل سکتی ہے	FIR کی کاپی اندارج کے فوراً بعد مل سکتی ہے۔
10	FIR کی کاپی لینے کی کتنی فیس ہے	FIR کی کاپی مفت فراہم کی جاتی ہے اس کی کوئی فیس نہ ہے۔
11	کسی دوسری جگہ یا علاقہ کے وقوعہ کی FIR درج کرا سکتا ہوں	FIR اس تھانہ میں درج کی جائے گی جس تھانہ کی حدود میں وقوعہ ہوا ہو۔

****